# 30-12-2024 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ قانون ساز اسمبلی میں آج آنجہانی وزیراعظم ڈاکٹرمنموہن سنگھ کوبھرپورخراج پیش کیا گیااور متفقہ طور پر مرکز پرزوردیا کہ انہیں بھارت رتن ایوارڈ سے سرفراز کیا جائے۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں مائیکروسافٹ کے سی ای او ستیہ ناڈیلا سے ملاقات کی اور حیدرآباد میں اے آئی سٹی کوفروغ دینے کے لئے ان کا تعاون طلب کیا۔

۳۔اسرو کی جانب سے آج شب دو اسپیڈ ایکس سٹلائٹس کے ساتھ پی ایس ایل وی۔سی 60 داغنے کی تیاری مکمل کرلی گئی ہے۔

اور

۴۔مملکتی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں کانگریس حکومت مختلف بلوں کومنظور کرنے کے لئے 8 تا14 فیصد کمیشن وصول کررہی ہے۔

○○

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی میں آج آنجہانی وزیراعظم ڈاکٹرمنموہن سنگھ کوبھرپورخراج پیش کیا گیا۔اسمبلی کے ایک خصوصی اجلاس میں ارکان نے مرکز پر زوردیا کہ ڈاکٹرمنموہن سنگھ کو بھارت رتن ایوارڈ سے سرفراز کیا جائے۔اس کے علاوہ ارکان نے علیحدہ ریاست تلنگانہ کے قیام میں کلیدی رول ادا کرنے پرحیدرآباد میں ڈاکٹرسنگھ کا ایک مجسمہ نصب کرنے کے لئے متفقہ طور پرایک قرارداد بھی منظور کی۔اسمبلی میں اس سلسلہ میں متفقہ طور پرایک قرارداد منظور کی گئی جبکہ تمام جماعتوں نے حکومت کی اس تجویز کی حمایت کی۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ایوان میں تعزیتی قرارپیش کرتے ہوئے آنجہانی وزیراعظم کوایک وسیع النظر ماہر معاشیات اورقائد کے طور پر یاد کیا۔سی ایم نے لبرل ازم' خانگیانہ کےعمل اور عالمیانے سے متعلق پالیسیوں کے ذریعہ ملک کی معیشت میں تبدیلی لانے میں منموہن سنگھ کے اہم کردار کواجاگرکیا۔ریونت ریڈی نے سابق وزیراعظم کو ہندوستانی معیشت میں کی گئی اصلاحات کے لئے معمار قرار دیا۔وزراء بشمول نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکا' پونم پربھاکر' کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی' راج نرسمہا' بی آر ایس ارکان کے ٹی راما راؤ' بی جے پی فلورلیڈر مہیشور ریڈی اور کل ہند مجلس اتحادالمسلمین کے ارکان نے بھی اس موقع پراظہار خیال کیا۔لیجسلیچرس نے مختلف شعبوں میں ڈاکٹرسنگھ کی غیرمعمولی خدمات کوبھی یاد کیا جس میں آربی آئی گورنر،مرکزی وزیرفینانس اوروزیراعظم کا عہدہ شامل ہے۔

○○

شہر حیدرآباد میں نئی سال کے موقع پر پی وی این آر ایکسپریس وے کے ماسوا تمام فلائی اوورس کل 10 بجے شب بند رہیں گے۔فلائی اوورس کل رات 2 بجے تک بند رہیں گے۔آرجی آئی ایرپورٹ جانے والے مسافرین کو پی وی این آر ایکسپریس وے سے گزرنے کی اسی وقت اجازت دی جائے گی جب وہ فلائٹ ٹکٹ بتائیں گے۔اسی طرح حسین ساگر کے اطراف بھی ٹریفک پابندیاں نافذ رہیں گی اور گاڑیوں کوآنے کی اجازت نہیں رہے گی۔منگل اور چہارشنبہ کی رات این ٹی آر مارک، پی وی این آر مارک اوراپرٹینک بینڈ پرگاڑیوں کوداخلہ کی اجازت نہیں رہے گی۔اس کے علاوہ سکریٹریٹ سے متصل مینٹ کمپاؤنڈ لین بھی بند رہے گی۔

○○

شہر حیدرآباد میں اِس سال کے دوران آگ لگنے کے انداز اُڈھائی ہزار واقعات پیش آئے جبکہ تلنگانہ میں ان واقعات کی تعداد 7600 رہی۔ان واقعات کے نتیجہ میں 200 سے زائد ہلاکتیں ہوئیں اور 822 کروڑ روپے کا مالی نقصان ہوا۔محکمہ آتش فرو کی جانب سے یہ تفصیلات بتائی گئی۔

○○

حیدرآباد میں واقع نامپلی کی کریمنل کورٹ نے فلم پشپا2 کی نمائش کے دوران 4 دسمبر کو پیش آئے بھگدڑ واقعہ میں اداکار الوارجن کی درخواستِ ضمانت پر اپنا فیصلہ 3 جنوری تک محفوظ رکھا ہے۔اداکار کی ضمانت کے سلسلہ میں مباحث کی سماعت کرنے کے بعد عدالت نے کہا کہ وہ 3 جنوری کو اپنا فیصلہ سنائے گی۔

○○

ہندوستانی خلائی تحقیقی ادارہ کی جانب سے خلا میں تجربہ کئے جانے کی تیاری پوری کرلی گئی ہے جیسا کہ اس مشن کو SPADEX کا نام دیا گیا ہے۔ادارہ کا طاقتور رایاکٹ پی ایس ایل وی سی 60،آج رات آندھرا پردیش کے علاقہ سری ہری کوٹہ میں واقع خلائی مرکز سے روانہ ہوگا۔اس رایاکٹ کے ذریعہ دو سٹلائٹس داغے جائیں گے۔اسرو نے کہا ہے کہ ان سٹلائٹس کو مختلف خدمات جیسے خلائی تحقیق اور انسانی خلائی پروازوں کے لئے استعمال کیا جائے گا۔پی ایس ایل وی سیریز کا یہ 62واں مشن ہوگا۔

○○

نئی دہلی میں واقع کریپا پریڈ گراونڈ پر آج سے این سی سی یوم جمہوریہ کیمپ 2025ء کا آغاز ہوا۔تمام 28 ریاستوں اور 8 مرکزی زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے 2361 کیڈیٹس ایک ماہ طویل اس کیمپ میں شامل ہیں۔اس مرتبہ لڑکیوں کی تعداد 917 ہے۔ اس طرح گرلز کیڈیٹ کی یہ اعظم ترین تعداد ہے۔

○○

جنگاؤں ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر وکلکٹر رضوان باشاہ شیخ نے اعلان کیا ہے کہ ورنگل۔کھمم۔نلگنڈہ ٹیچرس حلقہ کے تحت رائے دہندوں کی قطعی فہرست شائع کردی گئی ہے۔رضوان باشاہ نے کہا کہ یہ فہرست نظر ثانی کے لئے ریونیو ڈویژن دفاتر،تحصیلدار دفاتر،منڈل پریشد ڈیولپمنٹ دفاتر،منڈل ایجوکیشن دفاتر،ڈسٹرکٹ ایجوکیشن دفاتر اور متعلقہ پولنگ اسٹیشنوں میں رکھی گئی ہے۔کلکٹر نے رجسٹرڈ شدہ اساتذہ کو مشورہ دیا کہ اِن فہرستوں کا جائزہ لیتے ہوئے اپنی تفصیلات کی جانچ کرلیں۔

○○

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے کنٹراکٹ لکچرس اور 12 یونیورسٹیوں کے اسسٹنٹ پروفیسرس کے ساتھ کئے گئے وعدے کو پورا کرنے کے مطالبہ پر آج حیدرآباد کے مانصاحب ٹینک پر واقع ہائیر ایجوکیشن کے روبرو مہا دھرنا دیا گیا۔احتجاجیوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان کی ملازمتوں کو باقاعدہ بنایا جائے اور اگر اِس سلسلہ میں تاخیر ہوتی ہے تب فوری طور پر بنیادی تنخواہ،ڈی اے،ایچ آر اے اور 3 فیصد اضافہ کے ساتھ پے اسکل کو نافذ کیا جائے۔

OO

سی پی ایم پارٹی کے ریاستی ایگزیکٹیو کمیٹی ممبر ویریا نے مرکزی وزیر کشن ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ تلنگانہ کے مفاد میں سنگارینی کے لئے کوئلہ کی کان حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ سنگاریڈی میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی آر ایس، کانگریس اور بی جے پی، تلنگانہ کے عوام کے مسائل کو حل کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ انہوں نے اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سی پی ایم دیہی سطح پر رہنے والے لوگوں، زرعی مزدوروں، کسانوں اور دیگر مستحق افراد کی بھلائی کے لئے اپنی جدوجہد کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

OO

ٹی ایس آر ٹی سی نے سنکرانتی کے پیش نظر مختلف مقامات سے 7 سے 15 جنوری کے دوران 6432 خصوصی بسیں چلائے جانے کا اعلان کیا ہے۔ آر ٹی سی وضاحت کی ہے کہ ان خصوصی بسوں میں بھی مہالکشمی اسکیم کے تحت مفت سفر کی سہولت برقرار رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان خصوصی بسوں سے سفر کرنے کے لئے زائد معاوضہ نہیں دیا لیا جائے گا۔ آر ٹی سی نے مزید کہا کہ آندھرا پردیش میں اس وقت 200 بسیں مختلف مقامات کے لئے چلائی جا رہی ہیں جبکہ تہوار کے پیش نظر مزید 100 خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔

OO

Mukkoti Ekadashi کے پیش نظر آئی ٹی ڈی اے پراجکٹ آفیسر راہول نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ بھدراچلم میں واقع قبائلی میوزیم کے کاموں کو فوری مکمل کیا جائے۔ انہوں نے آج آئی ٹی ڈی اے کے احاطہ میں واقع اس ٹرائبل میوزیم کا معائنہ کیا اور میوزیم کمیٹی کے ارکان کے ساتھ زیر التوا کاموں کے تعلق سے بات چیت کی۔ انہوں نے آنے والوں کی سہولت کے لئے بھدراچلم میں غیر مقدمی بورڈس لگانے کی بھی ہدایت دی۔

OO

مملکتی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں کانگریس حکومت مختلف بلوں کو منظور کرنے کے لئے 8 تا 14 فیصد کمیشن وصول کر رہی ہے۔ کریم نگر میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست بھر میں 12 ہزار 769 سرپنچ موجود ہیں جبکہ تقریباً تخمیناً ایک ہزار 300 کروڑ روپے مالیتی بلز زیر التوا ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مواضعات میں ترقیاتی کاموں کے لئے فی سرپنچ 3 لاکھ تا ایک کروڑ روپے کے بل ادا نہیں کئے گئے ہیں۔

OO

رچہ کنڈہ ٹرافک پولیس نے انفورسمنٹ عہدیداروں کو جوابدہ بنانے اور ان کی کارکردگی میں بہتری لانے کے لئے باڈی کیمرے متعارف کروائے ہیں۔ ٹریفک کے عہدیدار ڈیوٹی کے دوران یہ کیمرے پہنے رہیں گے۔ ان کیمروں کے ذریعہ عوام کے ساتھ ٹرافک عہدیداروں کی بات چیت کو ریکارڈ کیا جائے گا۔ رچہ کنڈہ پولیس کمشنر سدھیر بابو نے کہا کہ اس اقدام سے جھگڑوں اور شکایتوں میں کمی واقع ہوگی۔ رچہ کنڈہ ٹرافک حدود میں انفورسمنٹ آفیسرس کو 50 باڈی کیمرے حوالے کئے گئے۔

○○

ترو ملا میں لارڈ وینکٹیشورا کے درشن کے لئے تلنگانہ کے عوامی نمائندوں کے سفارتی خطوط پر اے پی کے وزیراعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے ایک فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ ہر یک درشن کے لئے ہر ہفتہ دو سفارشیوں کو جبکہ 300 روپے خصوصی درشن کے لئے دو سفارتی خطوط پر عمل کیا جائے گا۔

○○

سی پی آئی کی 100 سالہ عوامی میٹنگ آج شام نلگنڈہ میں منعقد ہوگی۔ پارٹی کے ریاستی سکریٹری سامبا شیوا راؤ نے کہا کہ پارٹی کی صدسالہ تقاریب ایک سال تک جاری رہے گی۔اس میٹنگ میں پارٹی کے قومی لیڈر راجہ،سدھا کر ریڈی اور دوسرے شرکت کریں گے۔

○○

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں مائیکروسافٹ کے سی ای او ستیہ نا ڈیلا سے ملاقات کی اور حیدرآباد میں اے آئی سٹی کو فروغ دینے کے لئے ان کا تعاون طلب کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر سریدھر بابو اور اتم کمار ریڈی کے علاوہ چیف سکریٹری شانتی کمار بھی موجود تھے۔